# 6

# باغ کی سیر

روز کی طرح اس دن بھی صبا اور طارق صبح سویرے اٹھ گئے۔ اتوار کا دن تھا۔ اسکول کی چھٹی تھی لیکن دونوں بچّوں کو صبح اٹھنے کی عادت تھی۔

"دادا جی! آج ہم بھی آپ کے ساتھ باغ کی سیر کو چلیں گے۔" صبا نے کہا۔

"ضرور!" دادا جی نے عینک صاف کرتے ہوئے کہا۔

باغ میں قدم رکھتے ہی طارق دادا کی انگلی چھوڑ سیدھا طوطوں کے پاس گیا۔ طوطے بہت خوب صورت



© NCERT not to be republished

اور صاف ستھرے تھے۔ صبا انھیں نظر بھر کے دیکھتی رہی۔ اسے یاد آیا کہ اس کے غبّارے پر ایسے ہی طوطے کی تصویر تھی۔ باغ میں کئی مرد اور کئی عورتیں تھیں۔ کچھ لوگ ورزش بھی کر رہے تھے۔

دادا جی نے بتایا، ''ورزش سے انسان صحت مند رہتا ہے۔ دوڑ بھاگ سے جسم مضبوط ہوتا ہے اور دماغ بھی۔''



دادا جی کی بات سن کر طارق نے دوڑتے ہوئے صبا سے کہا، ''مجھے پکڑ کر دکھاؤ۔''

صبا تیزی سے دوڑی اور اگلے ہی پل وہ طارق کے قریب تھی۔ اب دونوں بھائی بہن ساتھ دوڑ رہے تھے۔

## اساتذہ کے لیے ہدایات :

- اس کہانی کی مدد سے بچّوں کو درج ذیل 8 حروف سکھانے ہیں۔
  ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق
- آپ بچّوں سے سوال کریں گے کہ اس کہانی کو سن کر ایسے الفاظ بتائیں جن میں 'ص' آتا ہے، بچے صبا اور صاف بتائیں گے۔
- ان کے بتائے ہوئے ناموں کی روشنی میں استاد تختۂ سیاہ پر 'ص' لکھیں گے اور ان کی ذیلی شکل بھی بتائیں گے۔
- اسی طرح باقی سات حروف سے بھی بچّوں کو متعارف کرایا جائے اور ان کی ذیلی شکلیں بتائی جائیں۔

صـ ضـ طـ ظـ عـ غـ فـ قـ





© NCERT not to be republished

# مشق

## 1. ان حروف کو لکھوایئے



ص

ض

ط

ظ

ع

غ

ف

ق

## 2. ان لفظوں کو لکھوایئے



صبح

ضرور

طارق

غبّارے

نظر



© NCERT not to be republished

# 3. تصویروں کا پہلا حرف لکھوائیے



















© NCERT not to be republished






## 4. مثال کے مطابق لفظ بنوائیے

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مثال: | ف | ر | | = | فرش |
| | ب | ر | | = | ________ |
| | ق | ل | | = | ________ |
| | گ | ر | | = | ________ |
| | ن | ر | | = | ________ |



## 5. حصہ الف اور حصہ ب کے تحت دیے ہوئے ادھورے لفظوں کو صحیح طرح سے جوڑ کے مکمل کروائیے اور لکھوائیے

| الف | ب | |
|---|---|---|
| صد | ض | ________ |
| حو | ت | ________ |
| خا | ا | ________ |
| صا | بر | ________ |
| حضر | ص | ________ |



© NCERT not to be republished



## 6. دیے گئے لفظوں کے حروف الگ الگ لکھوایئے

| | | |
|---|---|---|
| ضد | = | ☐ ☐ |
| طرز | = | ☐ ☐ ☐ |
| صبا | = | ☐ ☐ ☐ |
| عید | = | ☐ ☐ ☐ |
| فجر | = | ☐ ☐ ☐ |
| فقط | = | ☐ ☐ ☐ |



## 7. دیے گئے لفظوں کے حروف کو ملا کر لفظ بنوایئے

| | | |
|---|---|---|
| س ف ر | = | ________ |
| ف ق ط | = | ________ |
| غ ذ ا | = | ________ |
| ط ر ز | = | ________ |
| ض ب ط | = | ________ |
| خ ا ص | = | ________ |
| ر ض ا | = | ________ |
| ع ا د ت | = | ________ |

© NCERT not to be republished





8. نیچے دیے ہوئے لفظوں پر خصوصی توجہ دلائیے اور ان میں فرق بتائیے



باز بعض

شعر شیر

آم عام

صورت سورت

نظیر نذیر

سدا صدا



9. نیچے دیے ہوئے لفظوں پر نقطہ لگا کر لفظ لکھوائیے


مرص عریب

طروف حوف

حاصر حوص

© NCERT not to be republished

## 10. طوطے کی تصویر میں رنگ بھروایئے



© NCERT
not to be republished